بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك بعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

سيدنا الراجل ﷺ

ہمارے سردار پیدل چلنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة الى قوله،

”وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ“ ط (سورة الفرقان ٧)

عن عبد الله رضی قال كنا يوم بدر اثنين على بعير وثلاثة على بعير وكان زميل النبي ﷺ علیؓ وابو لبابةؓ الانصاری وكان اذا اجاءت عقبتهما قالا يا رسول الله ﷺ اركب نمش عنك فقال ما انتما باقوى على المشى منى ولا انا ارغب عن الاجر منكما۔

(مسند ابو داؤد والطيالسى ج ٢ ص ٤٧)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :

”اور یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ اس رسول کو کیا ہوا کہ وہ کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔“

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم جنگِ بدر کے سفر میں دو دو اور تین تین ایک اونٹ پر سفر کر رہے تھے اور حضور اقدس ﷺ کے ہمسفر حضرت علی اور ابو لبابہ انصاری رضی اللہ عنہما تھے جب انکے سوار ہونے کی باری آتی تو وہ دونوں عرض کرتے کہ حضور آپ سوار ہو جائیں اور ہم آپکی طرف سے چلتے ہیں تو آپ نے فرمایا نہ تو تم دونوں چلنے میں مجھ سے طاقتور ہو اور نہ ہی مجھے تم دونوں سے ثواب میں بے رغبتی ہے۔